آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے -2025/02/09

07.40 PM

10/02/2025  07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شیخ محمد یاسین سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر

*........وزیر اعظم نریند رمودی نے پریکشا پہ چرچا کے آٹھویں شمارے کے دوران امتحانات میں دباؤ اور تناؤ کو کم کرنے سے جڑے امور پر بچوں کے ساتھ کیا استفسار۔

*........وزیر اعظم فرانس اور امریکہ کے دورے پر روانہ // دورہ دونوں ممالک کیساتھ دو طرفہ رشتوں کو مستحکم کرنے کیلئے کلیدی اہمیت کا حامل۔

*........وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نئی دلی میں وزیر داخلہ امت شاہ سے ملاقی // جموں کشمیر سے جڑے متعدد معاملات پر کیا تبادلہ خیال ۔

اور

کا قومی دن آج Deworming*........دالوں کی اہمیت کا عالمی دن اور

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے تعلیم کی اہمیت کو اجا گر کرتے ہوئے کہا ہے کہ حصول تعلیم کا مقصد بچوں کی مجموعی ترقی کو یقینی بنانا ہونا چاہئے ۔ آج نئی دلی میں پریکشا پہ چرچا نام کے معروف انٹر ایکٹو پروگرام کے 8ویں شمارے کے دوران طلباءکے ساتھ بات کرتے ہوئے وزیر اعظم نے طلباءکو صلاح دی ہے کہ وہ اپنے آپ کو صرف چار دیواریوں تک ہی محدود نہ کریں ۔ انہوں نے کہا کہ اگر چہ امتحان کلیدی اہمیت کے حامل ہیں تاہم امتحانات ہی سب کچھ نہیں ہیں۔ انہوں نے طلباءپر زور دیا کہ وہ اپنے اندر لکھنے کی عادات پید ا کریں۔ انہوں نے امتحانا ت کے

دوران تناؤ اور دباؤ کو کم کرنے کے مختلف پہلوؤں کو اجا گر کیا۔ وزیر اعظم نے بچوں سے مزید کہا کہ وہ امتحانات کے دوران خاص طور سے اچھی غذا کھائیں اور اپنے آپ کو صحت مند رکھیں۔

واضح رہے کہ آ ج کے پروگرام میں پانچ کروڑ سے زائد بچوں نے شرکت کی ۔

دورہPM

وزیر اعظم نریندر مودی آج فرانس اور امریکہ کے دورے پر روانہ ہوئے۔اس دورے کا بنیادی مقصد دونوں ملکوں کے ساتھ اسٹرٹیجک ، اقتصادی اور تکنیکی شراکت داری کو مزید مضبوط کرنا ہے ۔ وزیر اعظم فرانس میں مصنوعی ذہانت سے متعلق کارروائی اجلاس کی فرانس کے صدر کے ساتھ مشترکہ صدارت کریں گے۔فرانس کے دورے کے بعد نریندر مودی امریکہ کے دو روزہ دورے پر روانہ ہوں گے جہاں وہ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے ساتھ دو طرفہ میٹنگوں میں حصہ لیں گے۔ جن میں بھارت اور امریکہ کے درمیان رشتوں کو بلندیوں تک پہنچانے سے جڑے امور پر بات چیت ہوگی ۔

کانفرنس

صدر جمہوریہ درو پدی مرمو کل نئی دلی میں یونانی دن کے موقعے پر دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس کا افتتاح کریں گے ۔ اس موقعے پر سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ بھی موجو د ر ہیں گے۔

ملاقات

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج نئی دلی میں وزیر داخلہ امت شاہ کے ساتھ ملاقات کی ۔ اس دوران انہوں نے جموں کشمیر سے جڑے متعدد معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

اسلحہ

فوج اور جموں کشمیر پولیس نے بڑی محلہ امروئی کپواڑہ میں آج ایک مشترکہ تلاشی کارروائی عمل میں لائی جس دوران دو AK رائفلیں اور دیگر گولی بارود بر آمد کیا گیا۔

این سی

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے سونہ مرگ مارکیٹ میں آگ کی وجہ سے ہوئے نقصان پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متاثرین کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا ہے ۔ انہوں نے حکام پر زور دیاہے کہ وہ متاثرین کی فوری باز آباد کاری کیلئے اقدامات کریں ۔

BJP

BJPکہ نے تمام خطوں سے لوگوں کا بھروسہ BJP جموں کشمیر کے صدر ست شرما نے کہا ہے کہ اور اعتماد حاصل کیا ہے ۔تری کوٹہ نگر جموں میں پارٹی ہیڈ کواٹر پر ادھمپور سے تعلق رکھنے والے کئی نوجوانوں کے پارٹی شامل ہونے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے BJPکہاکہ ہمیشہ نیشن فسٹ پالیسی پر گامزن رہی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ مودی سرکار نے جموں کشمیر کی ترقی کو یقینی بنانے کیلئے بے مثال کام کیا۔

تاریگامی

CPIM کے لیڈر محمد یوسف تاریگامی نے انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ وہ مختلف محکموں میں کام کر رہے ڈیلی ویجروں ،کیجول لیبروں اور کنٹریکچول ورکروں کے مسائل کو حل کرنے کی طرف خصوصی توجہ دیں ۔

نشہ

ملکی سطح پر سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے انفرادی و اجتماعی سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم  نریندر مودی کا پیغام۔

............(PM)....Byte............

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے انتظامیہ، پولیس، نارکوٹکس بیورو اور دیگر عمل آوری ایجنسیوں کی طرف سے ٹھوس اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔ اس حوالے سے جب ہم نے ڈوگری زبان کے ایک معروف ادیب اور پدم شری ایوارڈ یافتہ پروفیسر للت کمار منگوترا کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا

گرفتاری

پولیس نےمنشیات کے خلاف اپنی جنگ جاری رکھتے ہوئے آج بڈگام اور ہندواڑہ سے چار منشیات فروشوں کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبھی بر آمد کی ہے ۔ ان میں ہردو لٹینہ کا رمیض احمد گنائی ،لربل کا دانش احمد شیخ ، امر گڑھ شرکوٹ کا محمد گلزار میر اور منزگام کا فیصل احمد میر شامل ہیں۔پولیس نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ منشیات کا قلع قمع کرنے کیلئے پولیس کو اپنا بھر پور تعاون دیں ۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔DTH خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن اے آئی آر اور

دال

آج دالوں کی اہمیت کا عالمی دن ہے۔ آج کے دن غذائیت میں دالوں کی اہمیت اور زرعی شعبے کو تقویت بخشنے میں مختلف اقسام کی دالوں کے رول کو اجا گر کیا جاتا ہے ، نیز کسانوں کے ساتھ ساتھ عام لوگوں میں بھی بیداری پیدا کی جاتی ہے

دالوں کے عالمی دن کی اہمیت کے بارے میں شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی میں پلانٹ بائیو ٹیکنالوجی شعبے کے سربراہ پروفیسر محمد اشرف بٹ نے آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

----(Prof.Mohd Ashraf Bhat)--Byte-----

عالمی دن

یعنی انسان کے پیٹ میں پلنے والے ضرررسانکیڑا مخالف Dewormingآج ملک بھر میں دوائی لینے کا عالمی دن ہے۔ یہ دن قومی سطح پر سال میں2بار،10فروری اور10اگست کو منایا جا تا ہے، جس سے یہ پیغام واضح ہو جاتا ہے کہ ہر شخص بالخصوص بچوں کو سال میں دوبار کےلئے دوائی لینی چاہئے۔ آج کے دن کی اہمیت کے Dewormingیعنی ہر چھ ماہ کے وقفے پر بارے میں وادی کے ایک معروف ماہر امراض اطفال اورگورنمنٹ میڈکل کالج میں شعبہ کے ایسوسیٹ پروفیسر ڈاکٹر سہیل نائیک نے شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے Paediatrics کہا ۔

مہا کنبھ

ان دنوں یو پی کے شہر پریاگ راج میں مہا کنبھ میلہ  خوش اسلوبی سے جاری ہے اور اب تک کروڑوں شردھالوں نے تروینی سنگم پر امرت سنان کیا ہے ۔ دریں اثنا صدر جمہوریہ درو پدی مرمو نے بھی آج تروینی سنگم مینپوتر اسنان میں حصہ لیا ۔انہوں نے وہاں خصوصی پوجا پارٹ میں بھی کی۔یہ میلہ 26فروری تک جاری رہے گا ۔

-------

تپ دق

ملک میں100دنوں پر مشتمل تپ دق مخالف مہم شدو مد سے جا ری ہے۔ جمونو کشمیر میں بھی اس بیماری کے مریض آگے آکر اپنا علاج و معالجہ کروا رہے ہیں۔ صحت یاب ہوئے ایک مریض کے تاثرات۔

------

مختصر

چند خبریں پارلیمنٹ سے

*........شہری ہو ا بازی کے وزیر کنجا راپو رام موہن نائیڈو نے راجیہ سبھا میں ضمنی سوالات کا جواب دیتے ہوئے کہاکہ حکومت ملک بھر لوگوں کی راحت رسانی کیلئے زیادہ زیادہ ہوائی اڈے تعمیر کرنے کی وعدہ بند ہے۔

*........محنت اور روزگار کے وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویا نے لوک سبھا میں ایک سوال کا تحریری جواب دیتے ہوئے کہاکہ حکومت نے اجرتوں میں تفاوتوں کو دور کرنے اور کام کی جگہوں پر خواتین کیلئے محفوظ ماحول قائم کرنے کیلئے کئی اقدامات کئے ہیں۔

*........جل شکتی کے مرکزی وزیر سی آر پاٹل نے راجیہ سبھا میں وقفہ سوالات کے دوران ضمنات کا جواب دیتے ہوئے کہاکہ سوچھ بھارت رورل کے تحت اب تک 12کروڑ بیت الخلاءتعمیر کئے گئے ہیں۔

بحث

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے لوک سبھا میں ایک تحریری جواب میں کہا کہ اس سال جنوری جن دھن یوجنا کے تحت 54کروڑ بینک کھاتے کھولے گئے جن PM مہینے کے آخر تک ملک میں میں 55فیصد کھاتے خواتین کے ہیں۔

دریں اثنا لوک سبھا میں آج مرکزی بجٹ2025-26پر بحث دوبارہ شرو ع ہوئی۔ بحث میں کئی پارلیمنٹ ممبروں نے حصہ لیا۔ حزب اقتدار پارٹیوں کے ارکان نے بجٹ کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ اس بجٹ میں تمام طبقوں کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔ جبکہ حزب اختلاف کے ارکان نے بحث میں حصہ لیتے ہوئے الزام لگایا کہ بجٹ مینبقول ان کے لوگوں کے مسائل کا ازالہ کرنے نیز مہنگائی اور بیروزگاری پرقابو پانے کیلئے کچھ خاص نہیں ہے ۔

راجیہ سبھا میں بھی آج اگلے مالی سال کے بجٹ پر بحث شروع ہوئی۔

شوپیان

شوپیان انایت علی چودھری نے آج سپورٹس اسٹیڈیم بٹہ پورہ میں جسمانی طور خاص افراد SSP کرکٹ ٹورنامنٹ کا آغاز کیا ۔اس دوران انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ کھیل کود T10کیلئے کی سرگرمیونمیں بڑھ چڑھ کر حصہ لے کر سماجی برائیوں سے دور رہیں۔

فرہاد

نگینی کلچرل فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام ستواری جمونمیں آج ایک ادبی تقریب ہوئی جس کی صدارت معروف براڈ کاسٹر اور قلمکار عبدالاحد فرہاد نے کی ۔

عرس

بلند پایہ ولی کامل حضرت سید نور شاہ بغدادی ؒ کنڈ قاضی گنڈ کا سالانہ عرس مبارک نہایت عقیدت و احترام کیساتھ منایا گیا۔ اس سلسلے میں اُن کے آستانِ عالیہ میں شب خوانی، قرآن خوانی درود و ازکار ختمات المعظمات کی روح پرور مجلس آراستہ ہوئی۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر درمیانہ درجے کی بارش یا برفباری ہونے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 14.6ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 4ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 21.3ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت11ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر20منٹ پراور غروب آفتاب شام6بجکر11منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر 45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ۔